بازاری لال شربتوں سے لاکھ درجہ بہتر ----

مشروبات مشرق

شربت صندل خالص

0307-8162003

اجزاء

صندل سفید خالص5تولے، عرق گلاب خالص تین پاؤ۔ پانی تین پاؤ۔ کھانڈ دانہ دار تیرہ چھٹانک

ترکیب تیاری:

ایک مٹی کا کورا یعنی نیا برتن کُجا وغیرہ لیں اور اسے چند بار دھو لیں تاکہ مٹی ریت وغیرہ دور ہو جائے۔ اب اس برتن میں عرق گلاب ڈال دیں اور صندل سفید بھی ڈال دیں۔ رات بھر پڑا رہنے دیں۔ صبح اٹھ کر کسی قلعی دار برتن میں عرق گلاب و صندل بھیگا ہوا ڈال دیں اور پانی بھی ڈال کر نیچے آنچ جلا دیں۔ جب تین پاؤ پانی رہ جائے تو نیچے اتار کر ٹھنڈا کریں اور کپڑے سے چھان لیں اور کھانڈ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب شربت پک جائے یعنی بوند شربت زمین پر ڈالنے سے نہ پھیلے تو برتن آگ سے اتار لیں اور شربت ٹھنڈا کر کے چھان لیں اور تین ماشہ تازہ لیموں کا رس چھان کر ڈال دیں او رایک تولہ روح کیوڑہ ڈال دیں اور بوتل میں بھر دیں اور کارک لگا دیں۔ گرمیوں کے دنوں میں شربت کا استعمال نہایت مفید ہے۔ مفرح و مقوی دل، مثانہ کی گرمی، گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کر

0307-8162003

کے دل کو فرحت دیتا ہے۔ ایک چھٹانک شربت ایک گلاس ٹھنڈے پانی میں استعمال کریں۔

0307-8162003

0307-8162003